ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((507

14.10.24

**بہاول پور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی جانب سے SDPO آفس سٹی بہاولپور اور جامعہ مسجد فاروقیہ سرائیکی چوک علاقہ تھانہ سول لائنز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔کھلی کچہری میں اہل علاقہ کی بڑی تعداد کو سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران شہریوں کے مسائل بروقت حل کرنے کے احکامات جاری کیے،کھلی کچہری کا مقصد بلا تاخیر شہریوں کے مسائل کو میرٹ پر حل کرنا اور گھر کی دہلیز پر انصاف فراہمی کو یقینی بنانا ہے،ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن انصاف آپ کی دہلیز پر کے پیش نظر ڈی پی او اسد سرفراز خان نے SDPO آفس سٹی بہاولپور اور جامعہ مسجد فاروقیہ تھانہ سول لائنز میں کھلی کچہری لگائی،جس میں اہل علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ڈی پی او کے ہمراہ ایس ڈی پی او سرکل سٹی بہاولپور،ایس ایچ اوز سٹی سرکل اور دیگر معزز شخصیات نے بھی شرکت کی۔ڈی پی او اسد سرفراز خان نے کھلی کچہری میں تمام سائلین کو تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو بروقت قانونی کارروائی اور واپسی رپورٹ کے احکامات جاری کیے۔ڈی پی او نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ تھانوں میں کھلی کچہری کا انعقاد ہماری اولین ترجیح ہے تاکہ شہریوں کے مسائل سن کر ان کی دہلیز پر بروقت دادرسی کی جاسکے۔ڈی پی او نے دوران کھلی کچہری افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ میرٹ کو مقدم رکھتے ہوئے شہریوں کے مسائل تھانہ کی سطح پر ہی حل کیے جائیں جو کہ ہماری اولین ذمہ داری ہے۔کھلی کچہری کا مقصد عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور عوام اور پولیس کے مابین فاصلے مٹانا ہے۔ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوام الناس کے ساتھ بہتر رویہ اپنائیں۔عوام کی خدمت اور ان کے جان و مال کا تحفظ ہر صور یقینی بنایا جائے۔جبکہ شہریوں کا کہنا تھا کہ ہم بہت مطمئن ہیں کہ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر خود ہمارے مسائل کے حل کے لئے تشریف لائے اور مسائل کو فوری حل کرنے کے متعلق افسران کو حکم جاری کئے۔ڈی پی او بہاولپور کے اس احسن اقدام سے انصاف کا بول بالا ہو رہا ہے۔آخر میں ڈی پی او اسد سرفراز خان نے شہریوں کی شرکت پر بھی ان کا شکریہ ادا کیا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان SDPO آفس سٹی بہاولپور اور جامعہ مسجد فاروقیہ سرائیکی چوک میں کھلی کچہری کے موقع پر شہریوں کے مسائل دریافت کرنے کے بعد ان کے حل کیلئے احکامات جاری کر رہے ہیں